10-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم مودی نے پرکشا پہ چرچا پروگرام میں طلبہ کو مشورہ دیا کہ چیالنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے کسی طرح کے دباؤ میں آئے بغیر تیاری کریں۔

۲۔تروپتی۔ترو ملا لڈو کی تیاری میں ہوئی بے قاعدگیوں کے سلسلہ میں آندھرا پردیش میں سی بی آئی نے 4 افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔

۳۔ٹی پی سی سی صدر و ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے الزام عائد کیا ہے کہ مجوزہ ایم ایل سی انتخابات کے پیش نظر بی آر ایس اور بی جے پی پارٹیوں نے خفیہ اتحاد کرلیا ہے۔

۴۔بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا نے ریاستی حکومت سے بی سی مردم شماری کے ذات پات کی بنیاد پر اعداد و شمار جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔

MAHESH GOUD:

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی (ٹی پی سی سی) کے صدر و ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے الزام عائد کیا ہے کہ بھارت راشٹرا سمیتی پارٹی اور بھارتیہ جنتا پارٹی میں مجوزہ ایم ایل سی انتخابات پر اثر انداز ہونے کے لئے ایک خفیہ اتحاد کرلیا ہے۔سدی پیٹ کے حلقہ گجویل کے علاقہ ریمانا گوڑہ میں آج میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مہیش کمار نے سوال کیا کہ سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کیوں اپنے فارم ہاؤس تک محدود ہیں اور اپوزیشن لیڈر کا عہدہ سنبھالے ہوئے ہیں۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ کے سی آر نے گجویل کے عوام کو نظر انداز کر دیا جبکہ عوام کی مشکلات سے دور ہو کر ایک پر تعیش زندگی گزار رہے ہیں۔مہیش کمار گوڑ نے یہ بھی پوچھا کہ کے سی آر، عوامی مسائل پر ردِعمل ظاہر کیوں نہیں کررہے ہیں۔انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ بی آر ایس اور بی جے پی نے ایم ایل سی انتخابات میں کانگریس کے امیدواروں کو کمزور کرنے کے لئے خفیہ معاہدہ کرلیا ہے۔ان کے مطابق تلنگانہ سے بی جے پی کے 8 ارکان پارلیمنٹ ہونے کے باوجود حالیہ بجٹ میں تلنگانہ کے لئے بہت کم فنڈس مختص کئے گئے۔

KTR:

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے چلکور کے بالاجی ٹمپل کے چیف پوجاری رنگا راجن پر ہوئے حملہ کی سختی سے مذمت کی ہے۔ کے ٹی آر نے اس واقعہ کو ریاست میں نظم وضبط کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا سبب قرار دیا۔ انہوں نے زخمی پوجاری کی عیادت کی اور اپنی پارٹی کی جانب سے بھرپور مدد کا یقین دلایا۔ کے ٹی آر نے اِس حملہ کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ واضح رہے کہ رنگا راجن پر جمعہ کو ایک گروپ نے حملہ کیا تھا۔

MAHAKUMBH:

عمارتوں اور سڑکوں کے ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میں آج مقدس ڈبکی لگائی۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے ریاستی عوام اور حکومت کے حق میں دعا کی۔

SC-MLA:

سپریم کورٹ نے بی آر ایس پارٹی کے ارکانِ اسمبلی کی نا اہلی سے متعلق سماعت کو ملتوی کر دیا ہے۔ پارٹی کے کار گذار صدر تارک راما راؤ نے اپیکس عدالت میں ایک پٹیشن داخل کرتے ہوئے یہ الزام عائد کیا تھا کہ ارکانِ اسمبلی کی نا اہلی سے متعلق اسپیکر اسمبلی کے فیصلہ میں تاخیر کی گئی۔ جسٹس گوائی کی زیر قیادت ایک بنچ نے اس معاملہ کی سماعت کی۔ سینئر ایڈوکیٹ مکل روہتگی نے اسمبلی سکریٹری کی نمائندگی کرتے ہوئے اسپیکر سے تفصیلات حاصل کرنے کے لئے مزید مہلت طلب کی۔ بنچ نے تاہم اس معاملہ میں تاخیر پر سوال اٹھایا اور پوچھا کہ اسمبلی سکریٹری کو کتنا وقت درکار ہے۔ اس معاملہ کی اگلی سماعت 18 فروری تک کے لئے ملتوی کر دی گئی۔

LADDU:

آندھرا پردیش میں سی بی آئی نے 4 افراد کو تروپتی۔ ترو ملا مندر کے لڈو سے چھیڑ چھاڑ کے معاملہ میں گرفتار کر لیا ہے۔ ان افراد کو کل شب گرفتار کیا گیا اور تروپتی کی ایک عدالت میں پیش کیا گیا۔ انہیں عدالتی تحویل میں دے دیا گیا ہے۔ گرفتارشدہ افراد میں وِپن جین اور پومل جین، بھولے بابا ڈیری، اپورا چوڑا، ویشنوی دیوی اور ٹاملناڈو کے ضلع تنڈیگل میں واقع اے آر ڈیری کے راجو شیکھرن شامل ہیں۔ ان ڈیری فارمس کی جانب سے لڈوؤں کی تیاری کے لئے ترو ملا کے ٹمپل کو گھی سربراہ کیا جاتا تھا۔ یہ گرفتاریاں اس وقت ہوئیں جب لڈوؤں میں

جانور کی چربی ہونے کی متنازعہ بات سامنے آئی۔اس کے بعد سپریم کورٹ نے اس واقعہ کی تحقیقات کے لئے گزشتہ سال نومبر میں پانچ رکنی ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی تھی۔

PREZ - UNANI DAY:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمونئ دہلی میں کل یوم یونانی کے ضمن میں دوروزہ عالمی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔سائنس اور تکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ بھی اس موقع پر موجود رہیں گے۔ہر سال 11 فروری کو یونانی ڈے منایا جاتا ہے۔یہ دن سرکردہ یونانی فزیشن اور مجاہد آزادی حکیم اجمل خان کے یوم پیدائش کے موقع پر منایا جاتا ہے۔ وزارتِ آیوش کی سنٹرل کونسل فار ریسرچ، یونانی میڈیسن کی جانب سے یہ دوروزہ کانفرنس منعقد کی جائے گی۔

RS - BUDGET:

راجیہ سبھا میں عام بجٹ سال 2025-26ء کے لئے مباحث کا آغاز ہوا۔کانگریس کے رکن پی چدمبرم نے مباحث کو شروع کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت کے تحت جی ڈی پی میں ملک کی تیاری کے حصہ میں کمی واقع ہوئی ہے۔چدمبرم نے معاشی سروے 2025ء کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سال 2014ء میں مینوفیکچرنگ کا حصہ 15.07 فیصد تھا۔تاہم 2019ء میں کم ہوکر 13.46 فیصد اور 2023ء میں مزید کم ہوکر 12.93 فیصد ہوگیا۔ چدمبرم نے الزام عائد کہا کہ تیاری سے متعلق اقدامات اور تیاری کا عمل حکومت کی ناکامیاں ہیں۔کانگریس کے رکن کے الزامات پر جواب دیتے ہوئے ایوان کے لیڈر جے پی نڈا نے حکومت کی جانب سے مختلف شعبوں بشمول مینوفیکچرنگ میں کئے گئے اقدامات کی تفصیلات پیش کی۔مباحث میں حصہ لیتے ہوئے بی جے پی کے دنیش شرما نے کہا کہ یہ بجٹ، خواتین اور سماج کے دیگر کمزور طبقات کو بااختیار بنانے کا ایک خصوصی ذریعہ ہے۔ایوان میں مباحث کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔

KAVITHA:

بی آر ایس پارٹی کی ایم ایل سی کویتا نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پسماندہ طبقات کی مردم شماری کے ذات کے اعداد وشمار ظاہر کئے جائیں۔انہوں نے پوچھا کہ ریاستی حکومت مردم شماری کے اعداد وشمار کو ذات کی بنیاد پر ظاہر کرنے سے کیوں خوفزدہ ہے۔جگتیال میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کویتا نے

کہا کہ ریاستی حکومت بی سی طبقہ کو گمراہ کر رہی ہے جبکہ بی سی مردم شماری مناسب طریقہ سے نہیں کی گئی۔ کویتا نے مطالبہ کیا کہ وزیر اعلیٰ کب اسمبلی میں بی سی بل پیش کریں گے۔ کویتا اس بات کی بھی خواہاں ہیں کہ ریونت ریڈی کب مختلف ذاتوں کی تنظیموں کے ساتھ بات چیت کریں گے کیونکہ عدالت میں اس سلسلہ میں قانونی پیچیدگیوں کا امکان ہے۔ کویتا نے کہا کہ بی آر ایس اس وقت تک جدوجہد کرتی رہے گی جب تک کہ بی سی طبقہ کو 42 فیصد تحفظات فراہم نہیں کئے جاتے۔ انہوں نے بی سی طبقات کے عوام پر زور دیا کہ علیحدہ تلنگانہ تحریک کی طرح ایک اور ایجی ٹیشن شروع کرنے کے لئے تیار رہیں۔

EC TRAINING: ے

ادارہ جاتِ مقامی کے مجوزہ انتخابات کی تیاریوں کے تحت آج آئی ڈی او سی نیشنل انفارمیٹکس سنٹر نے منڈل سطح کے ماسٹر ٹرینرس کا ضلع سطحی ٹریننگ پروگرام منعقد ہوا۔ جس میں ونپرتی کے کلکٹر و ایڈیشنل کلکٹر، سنچت گنگوار نے شرکت کی۔ کلکٹر نے اس موقع پر کہا کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے دئے گئے قواعد کو انتخابات کے انعقاد کے لئے سختی سے نافذ کیا جانا چاہئے جبکہ پولنگ اسٹاف کو اپنی من مانی کرنے کی اجازت نہیں رہے گی۔

AERO INDIA:

مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج بنگلور میں واقع یلہنکا میں ایرو انڈیا کے 15 ویں اڈیشن کا افتتاح کیا۔ یہ ایشیاء کی ایک پریمیر ایرو اسپیس اور ڈیفنس نمائش ہے۔ ''اربوں مواقع کے لئے رن وے'' کے موضوع کے ساتھ پانچ روزہ یہ نمائش ہندوستان کی مختلف اختراعات بشمول رافل اور تیجاس طیاروں کو پیش کرے گی۔ راجہ سنگھ نے اپنے افتتاحی خطاب میں ایرو اسپیس کے ایشیاء کے سب سے بڑے شو کو دفاعی اشیاء کی تیاری میں ملک کی طاقت اور خودمختاری کو اجاگر کیا۔ آتما نربھر بھارت اور میک اِن انڈیا جیسے پروگراموں کے ساتھ ایرو انڈیا نمائش کا مقصد عالمی سطح پر مختلف اداروں کے ساتھ مضبوط اشتراک بنانا ہے اور ملک کو سال 2047ء تک ترقی یافتہ بنانے کے لئے مرکزی حکومت کا ساتھ دینا ہے۔

LAGACHERLA:

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج لگا چرلہ میں قبائلی کسانوں سے ملاقات کی، جیسا کہ اس مقام پر یہ کسان مجوزہ ہمہ مقصدی صنعتی پارک کے قیام کی مخالفت میں زبردستی زمینات حاصل کئے جانے کے خلاف جدوجہد سے دوچار ہیں۔ کے ٹی آر نے کسانوں کو یقین دلایا کہ ان کی جدوجہد ضائع نہیں جائے گی جبکہ انہوں نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ زمینات حاصل کرنے کی پالیسیوں پر نظر ثانی کی جائے۔ اس سے پہلے کے ٹی آر کا قبائلی کسانوں پرجوش استقبال کیا۔

PARIKSHA PE CHARCHA:

وزیر اعظم نریندر مودی نے تالوں اور ترکاریوں کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے نئی دہلی میں پرکشا پہ چرچا پروگرام کے آٹھویں ایڈیشن کے دوران طلبہ سے بات چیت کی۔ انہوں نے وزیر اعظم مودی نے پرکشا پہ چرچا پروگرام میں طلبہ کو مشورہ دیا کہ چیالنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے کسی طرح کے دباؤ میں آئے بغیر تیاری کریں۔

○○